
# 7 وقت چلتا رہتا ہے

4311CH07

یہ کہانی وقت کے گول مال کی ہے۔



جیسے ہی سورج ڈوبا ــــــــــــ سُمنا جاگی! کیا شاندار **شام** ــــــــــــ ہے! اس نے دو **گھنٹہ** میں تیزی سے اپنا چہرہ صاف کیا اور باہر نکل پڑی۔ چڑیا کے گھونسلے کے قریب جاتی ہے وہ پچھلے کچھ **مہینوں** ــــــــــــ سے انڈوں کو دیکھ رہی تھی۔ وہ چڑیا کے بچوں کے باہر آنے کا انتظار کر رہی تھی۔ ــــــــــــ لیکن پلک جھپکنے سے پہلے ہی ایک **ہفتہ** ــــــــــــ میں ایک بلی پیڑ پر کودی۔ چڑیا کی ماں زور سے چلائی اور سُمنا دوڑی تاکہ بلی کو بھگا سکے۔ جیسے ہی بلی کودی وہ ایک بڑے آم سے ٹکرائی۔ دھم!.......

دھم!

دو **دن** ــــــــــــ میں وہ زمین پر آ گرا۔ اوہ! یہ تو غلط ہوا۔ ابھی تو یہ پورا پکا بھی نہیں تھا۔ اس کو پک کر میٹھا ہونے میں بس ایک **سال** ــــــــــــ اور لگتا۔ اچانک سُمنا کی بہن نے اس کو بلایا کیا تمہیں ابھی تک بھوک نہیں لگی؟ کیا تمہارے پیٹ کی گھڑی بند ہو گئی ہے؟ آؤ **رات کے کھانے** ــــــــــــ میں گرم گرم اپما کھائیں۔

© NCERT not to be republished

ہے نا مزیدار؟ آپ سمجھ گئے ہونگے کہ کہانی میں رنگین الفاظ غلط ہیں۔ نیچے دیئے گئے باکس میں صحیح لفظ چھانٹیے اور غلط لفظ کے سامنے خالی جگہ میں لکھ دیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دنوں | اُگا | سیکنڈ | صبح |
| ناشتہ | لمحے | منٹ | ہفتہ |

## اس میں کتنا وقت لگے گا؟



کیا آپ نے کسی کو سویٹر بُنتے دیکھا ہے؟ یا کسی کو کپڑا بنتے دیکھا ہے؟ کبھی کمہار سے معلوم کرنے کی کوشش کیجیے کہ اس کو ایک برتن بنانے میں کتنا وقت لگتا ہے۔ ہمیں یہ بھی بتایئے کہ آپ کو نہانے میں گھنٹوں لگتے ہیں یا کچھ منٹ! (کہیں آپ کو نہائے ہوئے سال تو نہیں گزر گئے؟ ہی، ہی...) ایسے بہت سارے کاموں کے بارے میں سوچیے جن کو پورا کرنے میں الگ الگ وقت لگتا ہے۔ اپنا جدول جتنا لمبا بنا سکتے ہیں بنایئے۔

| منٹوں میں پورا ہونے والا کام | گھنٹوں میں پورا ہونے والا کام | دنوں میں پورا ہونے والا کام |
|---|---|---|
| نہانا | قمیص کی سلائی | سویٹر بننا |
| دودھ ابالنا | دہی جمانا | ساڑی بننا |
| | اسکول کا ایک دن | کیلے کو پکنے میں |
| | | |
| | |  |
| | | |



© NCERT not to be republished

ایسے اور کام سوچیے، کچھ جلدی ہونے والے اور کچھ دھیرے دھیرے ہونے والے۔ سیکنڈوں میں پورے ہونے والے۔

میرا پلک جھپکنا　　　میرا چٹکی بجانا　　　میرا دوا نگلنا



پھل کا پیڑ سے نیچے گرنا



| |
|---|
| مہینوں میں ہونے والے |
| گیہوں کی فصل کا بڑھنا محصل کا پڑھنا (بیج سے بڑے پودے تک) |
| گرمی سے سردی کا موسم آنا |
| ایک بچہ کا اپنی ماں کے پیٹ سے باہر آنا |






© NCERT not to be republished

## لپکنے سے پہلے تالی بجاؤ؟



### اس کھیل کو کھیلیے

ایک پتھر کو ہوا میں اچھالیے۔ اس کو کیچ کرنے سے پہلے ایک بار تالی بجائیے۔

اب کیچ کرنے سے پہلے دو بار تالی بجانے کی کوشش کیجیے۔

اور زیادہ بار تالی بجانے کی کوشش کیجیے۔

پتھر کو کیچ کرنے سے پہلے آپ کتنی بار تالی بجا سکتے ہیں۔

### تا تھئی مختلف تالیاں

دو بار تالی بجائیے اور کہیے 1، 2

تالی بجاتے رہیے 1، 2، 1، 2، 1، 2

یا کہیے تا تھئی تا تھئی تا تھئی

اپنے پیروں کو بھی زمین پر ماریے۔ قدم تال کیجیے دائیں بائیں۔ دائیں بائیں، دائیں بائیں،...

آپ لوگوں میں سے کتنے ایک ساتھ بول اور قدم تال کر سکتے ہیں؟




### معلوم کیجیے

کیا آپ نے لوگوں کو تبلہ یا ڈرم بجاتے دیکھا ہے؟ ان کے ذریعے بجائی گئی مختلف تالیں معلوم کیجیے۔ ان سے پوچھیے ان تالوں کو بجاتے وقت وہ کیا بولتے ہیں۔

© NCERT not to be republished


## ہماری عمر کیا ہے؟

اپنی نانی، اپنی ماں اور اپنی عمر کا پتہ لگائیے اور خالی جگہیں بھریئے۔




## پہیلی

عرفان کی ماں کی عمر عرفان سے دوگنی ہے۔
وہ عرفان سے 20 سال بڑی بھی ہیں۔
عرفان اور اس کی ماں کی عمر کا اندازہ لگائیے۔



## پیدائش کی سند

بنسی کی پیدائش کی سند دیکھیے


فارم نمبر 5

کیرالہ کی حکومت

### پیدائش کی سند

یہ تصدیق کی جاتی ہے کہ یہ معلومات پیدائش کے اصل ریکارڈ سے لی گئی ہے جو کہ سال 2002 کے کوٹا یام پنچایت کے رجسٹر میں درج ہے۔

| | |
|---|---|
| نام: | بنسی تھامس جیکب |
| جنس: | (عورت) |
| تاریخ پیدائش: | 02/05/2002 (دو مئی دو ہزار دو) |
| پیدائش کی جگہ: | قدم پوجا اسپتال |
| والد کا نام: | جیکب تھراکن |
| والدہ کا نام: | لارا تھامس |
| رجسٹریشن کی تاریخ: | 02/05/2002 |
| رجسٹریشن نمبر: | 815/02 |
| تاریخ 05-08-2002 | جاری کرنے والے کا دستخط |



1- 2/5/2002 سے پتہ چلتا ہے کہ بنسی کی پیدائش 2 ______ کو سال 2002 میں ہوئی تھی۔

2- 2 مئی 2008 کو بنسی کی عمر کتنی ہو جائے گی؟ ______

3- سال 2052 میں اس کی عمر کیا ہوگی؟

4- کس تاریخ کو وہ آٹھ سال کی ہو جائے گی۔ اعداد میں لکھیے۔ ______

© NCERT not to be republished

5- بنسی 2 اگست 2002 کو کتنے مہینے کی تھی؟ ________________

6- اب بنسی کی عمر کیا ہے؟________________

7- پیدائش کے کتنے مہینے بعد سند ملی؟__________

8- اس کی سند کا رجسٹریشن نمبر کیا ہے؟__________

## معلوم کیجیے

آپ کب پیدا ہوئے۔__________

اپنی تاریخ پیدائش کو اعداد میں لکھیے __________

کیا آپ کے پاس پیدائش کی سند ہے؟ اپنے والدین سے پوچھیے اور اپنے لیے خود سند تیار کیجیے۔

فارم نمبر__________

حکومت__________

### پیدائش کی سند

یہ تصدیق کی جاتی ہے کہ یہ معلومات پیدائش کے اصل ریکارڈ سے لی گئی ہیں جو کہ __________ سال کے __________ کے رجسٹر میں درج ہے۔

نام

تاریخ پیدائش:

پیدائش کی جگہ:

والد کا نام:

والدہ کا نام:

رجسٹریشن کی تاریخ:

رجسٹریشن نمبر:

تاریخ:

جاری کرنے والے کے دستخط

© NCERT not to be republished

# کیلنڈر 2020

### January جنوری

| Sun | Mon | Tue | Wed | Thu | Fri | Sat |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 1 | 2 | 3 | 4 |
| 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 |
| 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 |
| 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | 31 | |

### February فروری

| Sun | Mon | Tue | Wed | Thu | Fri | Sat |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | 1 |
| 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
| 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 |
| 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 |

### March مارچ

| Sun | Mon | Tue | Wed | Thu | Fri | Sat |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 |
| 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 |
| 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 |
| 29 | 30 | 31 | | | | |

### April اپریل

| Sun | Mon | Tue | Wed | Thu | Fri | Sat |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 1 | 2 | 3 | 4 |
| 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 |
| 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 |
| 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | | |

### May مئی

| Sun | Mon | Tue | Wed | Thu | Fri | Sat |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 31 | | | | | 1 | 2 |
| 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |
| 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 |
| 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 |
| 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |

### June جون

| Sun | Mon | Tue | Wed | Thu | Fri | Sat |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
| 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 |
| 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 |
| 28 | 29 | 30 | | | | |

### July جولائی

| Sun | Mon | Tue | Wed | Thu | Fri | Sat |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 1 | 2 | 3 | 4 |
| 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 |
| 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 |
| 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | 31 | |

### August اگست

| Sun | Mon | Tue | Wed | Thu | Fri | Sat |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 30 | 31 | | | | | 1 |
| 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
| 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 |
| 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 |

### September ستمبر

| Sun | Mon | Tue | Wed | Thu | Fri | Sat |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 |
| 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 |
| 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 |
| 27 | 28 | 29 | 30 | | | |

### October اکتوبر

| Sun | Mon | Tue | Wed | Thu | Fri | Sat |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 1 | 2 | 3 |
| 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 |
| 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 |
| 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | 31 |

### November نومبر

| Sun | Mon | Tue | Wed | Thu | Fri | Sat |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 |
| 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 |
| 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 |
| 29 | 30 | | | | | |

### December دسمبر

| Sun | Mon | Tue | Wed | Thu | Fri | Sat |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 |
| 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 |
| 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 |
| 27 | 28 | 29 | 30 | 31 | | |

© NCERT not to be republished

# کیلنڈر

چلیے ذرا 2020 کا کیلنڈر دیکھتے ہیں

* ایک سال میں کتنے مہینے ہوتے ہیں؟____________
* ان مہینوں کے ناموں کی فہرست بنایئے۔ جن میں 30 دن ہوتے ہیں۔____________
* ان مہینوں کی فہرست بنایئے جن میں 31 دن ہوتے ہیں۔؟____________
* اس سال فروری کے مہینے میں کتنے دن ہیں؟____________
* ایک ہفتہ میں کتنے دن ہوتے ہیں؟____________
* جولائی میں کتنے ہفتے ہیں؟______ کیا یہ سبھی مہینوں کے لیے درست ہے؟______
* آپ تیسری کلاس میں کون سے مہینہ میں آئے تھے؟______
* کیلنڈر میں ان تاریخوں پر دائرہ بنایئے۔



26/جنوری

14/نومبر

31/دسمبر

کیا ان تاریخوں میں کوئی خاص بات ہے؟

خالی جگہوں میں درست سال بھریئے

2017, 2020, 2019, 2018, 2021, 2023

1- دو سال پہلے کون سا سال تھا؟______

2- آپ دوسری کلاس میں کون سے سال میں تھے؟______

3- اگلے سال کون سا سال ہوگا؟______

4- تین سال بعد کون سا سال ہوگا۔؟______

یہ سبق طلبہ کو دیکھنے، سمجھنے کے لیے حوصلہ افزائی کرتا ہے تاکہ وہ مختلف سماجی حالات میں دیکھ سکیں کہ وقت ان کی اپنی زندگی کے الگ الگ حوالوں سے کیسے گذرتا ہے۔ یہ ضروری ہے کہ ان میں سیکنڈ، منٹ، گھنٹوں، مہینوں وغیرہ کا اندازہ لگانے کی صلاحیت بڑھ جائے کہ ان میں وقت کا پتہ لگانے کے لیے آلہ کا سہارا لیں۔ یہ سبق بچوں کے کچھ دل چسپ مشاغل کے ذریعے گھڑی اور کیلنڈر کا استعمال کرنا بھی بتاتا ہے۔ ٹیچر ایسی ہی کئی اور مشقیں کرواسکتے ہیں جو اعداد کے پیٹرن اور تشاکل سے جڑے ہوں۔

© NCERT not to be republished

## پہلے کون سا تہوار آتا ہے؟

سال بھر میں منائے جانے والے کچھ تہوار یہاں دیئے گئے ہیں۔ ذرا کیلنڈر 2020 کو دیکھیے اور معلوم کیجیے کہ یہ تہوار کس دن پڑیں گے۔

| تہوار کا نام | تاریخ | دن |
|---|---|---|
| دیوالی | 14/نومبر | |
| پونگل | 15/جنوری | |
| رکشابندھن | 3/اگست | |
| گاندھی جینتی | 2/اکتوبر | |
| میلاد النبی | 30/اکتوبر | |
| اونم | 31/اگست | |
| گرونانک جینتی | 30/نومبر | |
| گرو روی داس جینتی | 09/فروری | |
| کرسمس | 25/دسمبر | |
| بیہو | 14/اپریل | |

- ان تہواروں کو اس ترتیب سے رکھیے جس ترتیب سے وہ سال میں آتے ہیں۔

1. ____________ 6. ____________
2. ____________ 7. ____________
3. ____________ 8. ____________
4. ____________ 9. ____________
5. ____________ 10. ____________

- کون سا تہوار سال کے شروع میں آتا ہے؟

____________

- کون سا تہوار سال کے آخر میں آتا ہے؟

____________



© NCERT not to be republished

# کیلنڈر کا جادو

یہ رہا فروری 2019 کا کیلنڈر۔
چلیے اس کیلنڈر میں ایک مربع بناتے ہیں اور کچھ جادو دیکھتے ہیں۔



فروری 2019

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | 1 | 2 |
| 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |
| 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 |
| 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 |
| 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |

| | | |
|---|---|---|
| 5 | 6 | 7 |
| 12 | 13 | 14 |
| 19 | 20 | 21 |

مربع کے بیچ میں کون سا عدد ہے؟ ________

ایک لائن بنا کر تینوں اعداد کو ملایئے۔ یہ لائن بیچ والے عدد سے ضرور گزرنی چاہیے۔

ایسی کتنی لائنیں آپ بنا سکتے ہیں؟

ہر لائن پر پڑنے والے تینوں اعداد کو جوڑیے۔

آپ نے کیا خاص بات دیکھی؟



$5 + 13 + 21 =$

$6 + 13 + 20 =$

$19 + 13 + 7 =$

$12 + 13 + 14 =$

- اب 2020 کا کیلنڈر دیکھیے۔ ابھی جو مہینہ چل رہا ہے اس مہینے کا کیلنڈر بھی دیکھیے اور ایسا ہی ایک مربع اپنی کاپی میں بنایئے۔ کیا ان کے لیے بھی یہ جادو کام کرے گا؟
- کیا یہ جادو ایک 10 × 10 والے عددی چارٹ پر بنانا ممکن ہے؟ ایک بار پھر ''اعداد کا کھیل'' والا سبق دیکھیے اور اس کی جانچ کیجیے۔

© NCERT not to be republished

# کچھ اور جادو!

**مارچ 2020**

| Sun | Mon | Tue | Wed | Thu | Fri | Sat |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 |
| 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 |
| 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 |
| 29 | 30 | 31 | | | | |
















دیکھو کیا یہ جادو ایسی اور دوسری لائنوں کے لیے بھی کارآمد ہے جس میں پانچ اعداد ہیں۔ ترچھی لائن والے پانچ اعداد کے بارے میں کیا خیال ہے؟ ان اعداد کو جمع کریں تو کیا ہوگا؟ اس ترکیب کو اپنے دوستوں اور گھر والوں کے ساتھ کر کے ان کو حیران کر دیجیے۔ کیا آپ کو اس کیلنڈر میں جادو کے کچھ پیٹرن نظر آ رہے ہیں؟

© NCERT not to be republished

## اگست 2020 کے کیلنڈر کو مکمل کیجیے

| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | سنیچر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | 31 | | | | | 1 |
| | 3 | | | 6 | | |
| | | | | | | |
| | | 18 | | | | |
| | 24 | | | | | |




تمام اتوار کو لال رنگ سے۔

یہ مہینہ کون سے دن پر ختم ہوگا؟ ______

اس مہینہ میں دنوں کی تعداد لکھیے؟ ______

13 / اگست کو کون سا دن ہوگا؟ ______

مہینہ کے دوسرے سنیچر کو کون سی تاریخ ہوگی؟ ______

کیا 21 تاریخ کو اتوار ہے؟ ______

29 تاریخ کو کیا دن ہوگا؟ اگلے ہفتہ اسی دن کون سی تاریخ ہوگی؟ ______

اس مہینے میں کتنے جمعرات ہیں؟ ______

### معلوم کیجیے

کیلنڈر (2020) کے کون سے مہینے میں 5 اتوار ہوں گے۔

کیا ایسا کوئی اور بھی دن ہے جو کسی بھی مہینہ میں 5 بار آیا ہے؟

کیا کسی بھی مہینہ میں 6 اتوار ہیں؟ کیوں؟

چل رہے مہینے اور دوسرے مہینوں کے لیے بھی ایسے ہی دوسرے سوالات کیجیے۔ طلبا کو کیلنڈر کے اور دوسرے پیٹرن معلوم کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کیجیے۔

© NCERT not to be republished



# پیڑ کی دیوی کی سچی کہانی

## میرے وقت کی لائن: (میرا خطِ وقت)

میرا نام پیڑ کی دیوی ہے۔ میں ضلع دھنباد (جھارکھنڈ) کے ایک گاؤں میں رہتی ہوں۔ مجھے کبھی اسکول جانے کا موقع نہیں ملا۔ مجھے یاد ہے جب میں 5 سال کی تھی تو میرا پیر ٹوٹ گیا تھا۔ میں جامن کھانے اس کے پیڑ پر چڑھ رہی تھی مگر شاخ ٹوٹی اور میں گر گئی۔ ابھی بھی سردیوں میں میرے پیر میں تکلیف ہوتی ہے۔

اپنی بکریاں چراتے وقت ہم اکثر کھیل کھیلتے رہتے تھے۔ ایک بار جب میں 10 سال کی تھی تو مجھے بہت ڈانٹ پڑی۔ مجھ سے ایک بکری گم ہو گئی تھی!۔ 15 سال کی عمر میں میری شادی ہوگئی۔ میرے شوہر مجھ سے کافی بڑے تھے۔ میری شادی کے تین سال بعد میری پہلی بیٹی پیدا ہوئی۔ اس کے بعد میرے تین اور بچے ہوئے۔ اس وقت میری عمر 20، 22 اور 24 سال کی تھی۔

اس کے بعد وقت بہت تیزی سے گذرا۔ میں اپنے کھیت، گھر کے کام اور بچوں کی دیکھ بھال میں لگی ہوئی تھی۔ لیکن 35 سال کی عمر میں تھی تو میری دنیا رک سی گئی۔ میرے شوہر کا بیماری کے بعد انتقال ہوگیا۔ ان کے بھائی ہمارے کھیت ہم سے چھیننا چاہتے تھے۔ انہوں نے مجھے بری طرح مارا اور کہا کہ میں ایک ڈائن ہوں۔ کچھ اچھے لوگوں نے میری جان بچائی۔ جن لوگوں نے مجھے مارا تھا میں نے ان کے خلاف مقدمہ لڑا۔ 40 سال کی عمر میں، میں نے پہلی بار پولیس اسٹیشن دیکھا۔ 45 سال کی عمر میں، میں نے پڑھنا لکھنا سیکھا۔ دو سال بعد میں نے اپنی بڑی لڑکی کی شادی کر دی۔ اب میں 50 سال کی ہوں۔ میں نے اپنے ناتی کے ساتھ کھیلنا پسند کرتی ہوں۔ میرے دو بچے اسکول میں پڑھ رہے ہیں۔

© NCERT not to be republished

کچھ چیزیں جو پیڈ کی دیوی کی زندگی میں ہوئیں وہ یہاں نیچے دی گئی ہیں۔

انھیں ان کے خطِ وقت پر بنائیے۔مثال کے طور پر جب پیڈ کی 5 سال کی تھی تو اس نے اپنا پیر توڑ لیا۔

تو ہم خطِ وقت پر 5 پر A کا نشان لگائیں گے۔

A. پیر ٹوٹ گیا۔

B. ایک بکری کھوگئی۔

C. شادی ہوئی۔

D. بچہ پیدا ہوا۔

E. پہلی بار پولیس اسٹیشن دیکھا۔

F. پڑھنا اور لکھنا سیکھا۔

G. سب سے بڑی بیٹی کی شادی ہوئی۔

A

5 10 20 30 40 50

عمر سالوں میں




* خط وقت پر نشان لگائیے کہ ان کی پیدائش کب ہوئی۔

* جب وہ پیدا ہوئی اس وقت وہ کیسے لگتی ہوگی۔خالی باکس میں پیڈ کی کی تصویر بنائیے۔

* آپ اپنے لیے خط وقت بنائیے۔اپنے آس پاس کے لوگوں سے پوچھیے اور کم از کم ایک واقعہ کی نشاندہی کیجیے کہ ہر سال آپ کی زندگی میں کیا واقع ہوا۔

1 2 3 4 5 6 7 8 9 10

عمر سالوں میں

* آپ کو جو لوگ اچھے لگتے ہیں ان کے لیے خط وقت بنائیے۔ان میں آپ کے گھر کے لوگ، دوست اور استاد وغیرہ ہو سکتے ہیں۔


© NCERT not to be republished



## کُسُم کی زندگی کا ایک دن

آیئے دیکھتے ہیں کہ کُسُم روزانہ کیا کرتی ہے۔

ہر تصویر کے لیے وقت لکھیے۔ کچھ تصاویر کے لیے وقت پہلے ہی لکھا ہوا ہے۔ آپ کو صرف گھڑی میں سوئیاں بنانی ہیں اور دوسری تصویروں میں آپ کو گھڑی میں دکھایا گیا وقت لکھنا ہے۔



کسم صبح سویرے اٹھتی ہے۔





وہ کنویں سے پانی بھر کر لاتی ہے۔



صبح 6:30 بجے




وہ اپنے گھر کی صفائی کرتی ہے۔





وہ اسکول جاتی ہے۔




آٹھ بجے

© NCERT not to be republished




وہ اسکول میں پڑھتی ہے۔






وہ اسکول سے واپس آتی ہے۔



دوپہر ایک بجے



وہ بھائی اور دادی کے
ساتھ دوپہر کا کھانا کھاتی ہے۔





وہ اپنے دوستوں کے ساتھ کھیلتی ہے۔



5:30 بجے شام کو



سونے سے پہلے وہ اپنی
دادی سے کہانی سنتی ہے۔



9:00 بجے رات کو

© NCERT not to be republished

اب آپ ایک چارٹ بنائیے جس میں آپ لکھئے کہ آپ صبح سے شام تک کیا کیا کرتے ہیں۔

دن کا وقت

| الفاظ میں | گھڑی میں دکھائیے | اس وقت آپ کیا کرتے ہیں؟ |
|---|---|---|
| |  | |
| |  | |
| |  | |
| |  | |
| |  | |
| |  | |
| |  | |

© NCERT not to be republished